© rasailojaraid.com



تبصرہ کتب (مدیر کے قلم سے)

# سوانح حیات جناب قاضی محمد اسلم سیف مرحوم

مجلہ تعلیم الاسلام ماموں کانجن کی خصوصی اشاعت

قاضی محمد اسلم سیف مرحوم دینی، علمی، جماعتی اور صحافتی حلقوں میں محتاج تعارف نہیں ہیں۔ آپ کا شمار پاکستان کے جید علماء میں ہوتا تھا۔ آپ کی پوری زندگی اسلام کے لئے وقف تھی اور درس و تدریس کے ساتھ وابستہ رہے۔ اسلامی تعلیمات کے فروغ اور پاکستان میں نفاذ اسلام کے لئے کوشاں رہے۔ آپ نے مصروف ترین زندگی گزاری اور اپنی صحت کی پرواہ کئے بغیر جامعہ تعلیم الاسلام ماموں کانجن کی تعمیرو ترقی کے لئے دن رات وقف کیا اور صوفی صاحب مرحوم کی اس یادگار دانشگاہ کو چار چاند لگا دیئے۔ قریہ قریہ اور بستی بستی جا کر چندہ اکٹھا کیا اور اس کی آبیاری کی۔ جامعہ کی عظیم الشان جامع مسجد آپ کی منہ بولتی یادگار ہے اور آپ کے لئے بہترین صدقہ جاریہ تھی۔

مرحوم کی دینی، ملی اور جماعتی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ ایسی نابغہ روز ہستیاں روز روز جنم نہیں لیتی۔ ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ چونکہ مرحوم زندگی بھر جامعہ تعلیم الاسلام سے وابستہ رہے اور اپنی زندگی میں علمی مجلّہ "تعلیم الاسلام" کا اجراء کیا۔ جو علمی اور دینی حلقوں میں مقبول ہوا۔ جامعہ کے مسئولین نے ان کی خدمات کا احاطہ کرنے اور ان کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے ایک خصوصی شمارہ شائع کرنے کا اہتمام کیا۔ جس میں مرحوم کی تمام حالات اور واقعات کو یکجا کیا گیا ہے اور ان کی سوانح حیات کا مکمل احاطہ کیا گیا ہے اور مرحوم کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔ یہ مجلّہ تعلیم الاسلام کی ایک بہت عمدہ کوشش ہے۔ جو قابل تحسین ہے۔ اپنے محسنوں کو یاد کرنے اور انہیں خراج تحسین پیش کرنے کا یہ بہترین طریقہ ہے۔

باقی صفحہ ۳۶ پر

© rasailojaraid.com